مسجد میں داخل ہونے کی دعا

مسجد میں داخل ہوتے وقت رسول اللہ ﷺ پر درود و سلام بھیجنا چاہیے اور داہنا پاؤں مسجد میں رکھتے ہوئے پھر یہ دعا پڑھنی چاہیے۔

"اللهُمَّ افْتَحْ لِي أَبْوَابَ رَحْمَتِكَ"

"اے اللہ میرے لئے اپنی رحمت کے دروازے کھول دے"۔ (مسلم)

یا یہ دعا پڑھے:

«أَعُوذُ بِاللَّهِ الْعَظِيمِ، وَبِوَجْهِهِ الْكَرِيمِ، وَسُلْطَانِهِ الْقَدِيمِ، مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ»

"میں اللہ عظمت والے اور اس کی کریم ذات اور اس کی لازوال سلطنت کی پناہ لیتا ہوں مردود شیطان سے"

یہ دعا سن کر شیطان کہتا ہے کہ یہ شخص پورے دن کے لئے مجھ سے محفوظ کر دیا گیا۔ (ابو داود)